# منصب کے امور اور اہلیت

(Job Description & Specification)

| JOB/MTMB/01 | | | |
|---|---|---|---|
| کام کرنے کی جگہ (Workplace) | پاکستان | شعبہ (Department) | مدرسۃ المدینہ بالغان |
| منصب (Designation) | نگران مجلس | جوابدہ (Report to) | رکن شوریٰ |
| کام (Function) | بالغ عاشقانِ رسول کو درست مخارج کے ساتھ قرآن پاک کی تعلیم دینا، نماز اور دینی مسائل سکھانا | ماتحت اسٹاف (Subordinate Staff) | شعبے کے تمام ذمہ داران |

## منصب کے کام - Job Description

1. شعبے کے تمام کاموں کی نگرانی (Supervision) کرنا اور رکنِ شوریٰ کو مکمل معاونت و معلومات (Information) فراہم کرنا۔
2. شعبے کیلئے اہل، تجربہ کار، تنظیمی طور پر مضبوط مجلس بنانا، اہل ذمہ داران کا تقرر کرنا اور انکی مؤثر رہنمائی کے ذریعے ان سے کام لینا نیز تقرری کا ہر ماہ جائزہ لینا۔
3. جدول سافٹ ویئر میں پیشگی و عملی جدول انٹر کرنا، پیشگی جدول بنانے میں ماتحتوں کی رہنمائی کرنا اور جدول چیک کرنا۔
4. طے شدہ نظام کے مطابق مدنی مشورے کرنا، مدنی مشوروں میں تیاری کیساتھ اول تا آخر شرکت کرنا اور طے ہونے والے مدنی پھولوں کے اَہداف مکمل کرنا/کروانا۔
5. عاشقانِ رسول کو درست تلفظ کے ساتھ قرآنِ پاک کی تعلیم دینے کے لیے ہر ذیلی حلقے (مساجد، سکولز اور مارکیٹس وغیرہ) میں مدرسۃ المدینہ بالغان شروع کروانا۔
6. مختلف مقامات مثلاً مساجد، جامعۃ المدینہ، مدرسہ المدینہ، فیکٹریاں، کارخانے، مارکیٹس، منڈیوں اور دیگر شعبہ جات میں مدرسۃ المدینہ بالغان شروع کروانا۔
7. اجیر مدرسین اور مدارس کا جائزہ کرنا/کروانا نیز طلباء کے ٹیسٹ لینے اور جائزہ رپورٹ بنانے کا مضبوط نظام بنانا۔
8. مساجد، مارکیٹ اور شعبہ جات کے مدارس و طلباء کا ریکارڈ اپڈیٹ رکھوانا اور سافٹ ویر میں درج کروانا نیز بند ہو جانے والے مدارس کو بحال کروانا۔
9. مدرسۃ المدینہ بالغان میں طلباء کی حاضری لگانے، معلومات رجسٹر میں لکھنے، مُدرس اور شرکاء کے روزانہ وقت پر حاضر ہونے کے نظام کو مضبوط کرنا/کروانا۔
10. مدرسۃ المدینہ بالغان میں پڑھنے والے طلباء کو دینی کاموں کا ذہن دینے اور اہلیت کے مطابق ذیلی حلقہ وارڈ وغیرہ پر دینی کاموں کی ذمہ داری دینے کا اہتمام کروانا۔
11. ہفتہ وار اجتماع میں مدنی حلقوں کے بعد اور رمضان المبارک میں اعتکاف کے جدول کے مطابق وقت مقرر پر عاشقانِ رسول کے مدرسۃ المدینہ بالغان لگوانا۔
12. مختلف مواقع پر مدرسۃ المدینہ بالغان کے لئے مدرسین مہیا کرنے کے نظام کو مضبوط کرنا/کروانا۔
13. ختمِ قرآن اجتماعات کا جدول طے شدہ طریقہ کار کے مطابق چلانے، مضبوط مبلغین کے بیانات کروانے اور ریکارڈ محفوظ رکھوانے کا اہتمام کروانا۔
14. شعبے کا بینر/پینا فلیکس مدرسۃ المدینہ بالغان پڑھانے کے مختلف مقامات (ہفتہ وار اجتماع اور رمضان اعتکاف کی مساجد و مدنی مراکز وغیرہ) کی نمایاں جگہ پر لگوانا۔
15. شعبے کے جملہ امور کی تکمیل و ترقی کے لیے پلاننگ (Planning) کرنا نیز اس کا شرعی و تنظیمی رہنمائی اور مشاورت کیساتھ نفاذ کرنا/کروانا۔
16. شعبے کے ایس او پیز، جاب ڈسکرپشنز کا مطالعہ کرنا اور کے پی آئیز سمجھنا/سمجھانا نیز تنظیمی معلومات و اپڈیٹس سے آگاہ رہنا۔
17. اپنے ماتحت ذمہ داران کے ایچ آر (اجارہ) اور فنانس کے معاملات دیکھنا نیز شعبے سے متعلقہ موصول ہونے والی شکایات و تجاویز کو حل کرنا/کروانا۔
18. شعبے سے متعلقہ تمام ریکارڈ اپڈیٹ رکھنا/رکھوانا اور طے شدہ کارکردگیاں چیک کرنا نیز مینول/سافٹ ویئر میں درست اور بروقت انٹر کروانا۔
19. ای میلز، واٹس ایپ، کالز، میسجز چیک کرنا اور بروقت رپلائی کرنا نیز منصب کے مطابق نگران کی طرف سے ملنے والے کام بروقت (Timely) مکمل کرنا/کروانا۔
20. شعبے میں شرعی رہنمائی کے لیے مقرر ذمہ دار کے ذریعے ماتحت افراد اور شعبے سے متعلق مسائل کی شرعی رہنمائی لینا۔

## منصب کی اہلیت - Job specification

- **دنیاوی تعلیم:** میٹرک/انٹر **دینی تعلیم:** ناظرہ (درس نظامی کیے ہوئے کو ترجیح دی جائے گی)
- **کورسز:** اذکارِ نماز و مسائل نماز ٹیسٹ پاس ہو + اصلاح اعمال و قافلہ کورس کیا ہو۔
- **تجربہ:** متعلقہ شعبے میں کم از کم 10 سے 12 سال کا تجربہ ہو۔
- Public speaking, Time management, Counselling, Decision making, Leadership, People Management, Communication Skill, Adaptability & Flexibility, Conceptual Skills, Problem solving

## اپنی دنیا اور آخرت کو بہتر کرنے اور دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول میں استقامت پانے کے لیے درجہ ذیل امور پر عمل کی کوشش فرمائیں۔

- روزانہ 2 گھنٹے 12 دینی کاموں بالخصوص قافلہ، مدنی مذاکرہ، نیک اعمال، ہفتہ وار اجتماع اور بڑی راتوں کے اجتماعات میں شرکت فرمائیں نیز ماتحتوں کو بھی ترغیب دلائیں۔
- سنت کے مطابق لباس، داڑھی، زلفیں اور سفید عمامہ وغیرہ اپنائیں۔
- اپنے متعلقہ فرض علوم سیکھیں اور اپنے تحت ذمہ داران کو اسکا ذہن دیں۔
- شعبے کو خود کفیل کرنے کیلئے دیئے گئے (رمضان عطیات، ٹیلی تھون اور قربانی کی کھالوں وغیرہ کے) اہداف مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
- عاشقانِ رسول (شخصیات) کے بچوں کا جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دار المدینہ، فیضان آن لائن اکیڈمی اور فیضان اسلامک اسکول سسٹم میں داخلہ کروائیں۔
- خوشی وغمی (عیادت، تعزیت، کفن دفن اور شادی وغیرہ) کے مواقع میں شرکت کریں نیز وقتاً فوقتاً علماء و مشائخ اور دنیاوی بااثر افراد سے ملاقات کریں۔
- شخصیات کو دعوت اسلامی کے اداروں (جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دار المدینہ، دار الافتاء اہلسنت، فیضانِ مدینہ وغیرہ) کا وزٹ کروائیں۔
- مکتبۃ المدینہ کی طرف سے شائع کردہ امیر اہلسنت کی تصنیف شدہ نیز المدینۃ العلمیۃ کے تیار شدہ دیگر کتب و رسائل عاشقانِ رسول میں تقسیم کریں۔